Rg.No. 1546653-9
ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار
ہفت روزہ
www.layalpurpost.com
لائلپور پوسٹ
چیف ایڈیٹر پبلشر
منیر احمد ڈار
ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار
جلد نمبر 2 | منگل، 9 ستمبر 2025ء، 15 ربیع الاول 1447ھ، 25 بھادوں 2081 ب م | شمارہ نمبر 46

موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات سے بچاؤ کیلئے جامع منصوبہ بندی کر رہے ہیں، پیشگی اطلاعات، مضبوط و پائیدار انفراسٹرکچر اور ریسکیو و امداد کا نظام مزید مربوط کرنے کے حوالے سے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

پاکستان مسلسل موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات کی لپیٹ میں ہے، وزیر اعظم

متاثرہ علاقوں میں ریسکیو و ریلیف کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر کیا جائے، نقل مکانی کرنیوالے افراد کی بھرپور امداد یقینی بنائی جائے، وزیر اعظم، جلالپور پیروالا میں کشتی حادثے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

اسلام آباد (بیورو چیف) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان مسلسل موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات کی لپیٹ میں ہے، موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات سے بچا کیلئے جامع منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے جلالپور پیروالا میں ریسکیو کشتی الٹنے کے حادثے میں انسانی (باقی صفحہ 2 نمبر 40)

انسانیت کو درپیش چیلنجز کا حل اُسوہ رسول ﷺ کی پیروی میں ہے

نبی رحمت ﷺ نے انسانیت کی غمخواری کی تلقین فرمائی، ڈاکٹر طاہر

لاہور (این این آئی) سیکرٹری/ چیف ایڈ منسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے جامع مسجد دربار حضرت داتا گنج بخشؒ میں ''عشرہ رحمۃ للعالمین ﷺ'' کے (باقی صفحہ 2 نمبر 39)

دریا کے قریب قائم نجی سوسائٹیز سے نمٹنے کے لئے حکمت عملی تیار

38 سال بعد تباہ کن سیلاب آیا، انڈیا نے بغیر اطلاع پانی چھوڑا، رانا تنویر

شرقپور شریف (نامہ نگار) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ دریا کے قریب قائم نجی سوسائٹیز سے نمٹنے کے لئے حکمت عملی تیار کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا سیلاب زدہ علاقے کا دورہ اور صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ اڑتیس (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز ترمیمی بل 2025 کی منظوری

صدر کی جانب سے بل کی منظوری کے بعد ڈیوٹیز یکم جولائی 2020ء سے مؤثر ہوں گی

اسلام آباد (این این آئی) صدر پاکستان آصف علی زرداری نے دی، صدر کی جانب سے بل کی منظوری کے بعد ڈیوٹیز یکم جولائی 2020ء سے مؤثر ہوں گی۔ بل قومی (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

پاک فضائیہ نے 1965ء کی جنگ میں شجاعت کی اعلیٰ تاریخ رقم کی

صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق کا یوم فضائیہ کے موقع پر خصوصی پیغام

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے یوم فضائیہ پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پاک فضائیہ نے 1965ء کی جنگ میں بہادری اور شجاعت کی اعلیٰ تاریخ رقم کی تھی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے سپریم کورٹ کا اہم اقدام

اوورسیز لیگیلٹس فیسلیٹیشن سیل قائم، سمندر پار پاکستانی واٹس ایپ اور آن لائن پورٹل کے ذریعے رجوع کر سکیں گے

اسلام آباد (این این آئی) بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے سپریم کورٹ آف پاکستان نے اہم اقدام کر لیا۔ سپریم کورٹ نے اوورسیز لیگیلٹس فیسلیٹیشن سیل قائم کر دیا، جس سے اوورسیز پاکستانی واٹس ایپ اور آن لائن پورٹل (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

پاک فضائیہ کے سربراہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو ائیر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں۔

عید میلاد النبیؐ پوری امت مسلمہ کیلئے خوشی کا پیغام ہے، مریم نواز

سلام ان پر جو رحمت للعالمین ہیں، سلام ان پر جو وجہ تخلیق کائنات ہیں، سلام ان پر جو فخر موجودات ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی عید میلاد النبیؐ کے بابرکت موقع پر امت مسلمہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد

اسلام آباد، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سیرت النبیؐ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (این ای این) عید میلاد النبیؐ پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ سلام ان پر جو رحمت للعالمین ہیں۔ سلام ان پر جو وجہ تخلیق کائنات ہیں۔ سلام ان پر جو فخر موجودات ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے عید میلاد النبیؐ کے بابرکت موقع پر امت مسلمہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی ہے اور کہا کہ عید میلاد النبیؐ پوری امت مسلمہ کیلئے خوشی کا پیغام ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نبی کریمؐ کی دنیا میں تشریف (باقی صفحہ 2 نمبر 50)

پاک فضائیہ کی جانب سے پائلٹ آفیسر راشد منہاس (نشان حیدر) کو خراج عقیدت پیش

سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی جانب سے قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

یوم فضائیہ، پاک فضائیہ کے ان شہداء اور غازیوں کے غیر معمولی جذبے کی ایک روشن دلیل ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشان حیدر) کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے پاک فضائیہ کی جانب سے انکی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھانے کی تقریب منعقد کی گئی۔ ایئر وائس مارشل عامر شہزاد، ایئر آفیسر کمانڈنگ سدرن ایئر کمانڈ، کی قیادت میں پاک فضائیہ کے ایک چاق و چوبند دستے نے سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی جانب سے قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ پاک فضائیہ کے دستے نے شہید نوجوان پائلٹ راشد منہاس شہید کو شاندار خراج عقیدت پیش کیا،

پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشان حیدر) کی عظیم قربانی پر پاک فضائیہ کی جانب سے خراج عقیدت پیش کیا جا رہا ہے

محترمہ بشریٰ رند سے سینیٹر دنیش کمار پلیانی کی ملاقات

ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی

بلوچستان کی عوامی نمائندوں کی کاوشیں صوبے کے بہتر مستقبل کے لیے نہایت اہم ہیں، سینیٹر دنیش کمار پلیانی

سابق پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی محترمہ بشریٰ رند اور سینیٹر دنیش کمار پلیانی کا ملاقات کے موقع پر

کوئٹہ (بیورو چیف) سابق پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی محترمہ بشریٰ رند سے سینیٹر دنیش کمار پلیانی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ سینیٹر دنیش کمار پلیانی نے کہا کہ بلوچستان کی عوامی نمائندوں کی کاوشیں صوبے کے بہتر مستقبل کے لیے نہایت اہم ہیں، اور اس طرح کے باہمی روابط صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مثبت کردار ادا کرتے ہیں۔ محترمہ بشریٰ رند نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کرنا ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت اور روزگار کے شعبے میں مزید اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔

اے ایس پی سید دانیال حسن کی زیر نگرانی منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

تھانہ جاتلی پولیس نے سات کلو سے زائد چرس برآمد کر کے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا ایس پی صدر نے پولیس کی کارکردگی کو سراہا

جو لوگ نوجوان نسل کی رگوں میں زہر گھول رہے ہیں انکو نشان عبرت بنایا جائے گا نشہ کئی معاشرتی برائیوں کو جنم دیتا ہے سید دانیال حسن

اے ایس پی گوجر خان سید دانیال حسن کی قیادت میں پولیس تھانہ جاتلی کارروائی کے دوران پکڑی گئی ہارے تفصیلات بتا رہے ہیں

گوجر خان (نامہ نگار) اے ایس پی گوجر خان سید دانیال حسن کی قیادت میں پولیس تھانہ جاتلی نے ایک اہم کاروائی کرتے ہوئے تقریباً سات کلو دو سو گرام چرس کی بھاری کھیپ پکڑ کر ملزم قمر زمان عرف قمرو کے خلاف منشیات ایکٹ 3 (1) 9 ڈی کے تحت مقدمہ نمبر 463/25 درج کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ ایس پی صدر نبیل کھوکھر نے اے ایس پی سید دانیال حسن اور ایس ایچ او تھانہ جاتلی چوہدری عصمت (باقی صفحہ 2 نمبر 51)

پنجاب کے دریاؤں میں بلند درجہ سیلاب، مجموعی اموات 900 سے تجاوز، جلال پور پیروالا میں فوج طلب، شہر خالی کرنیکا حکم

وزیر اعلیٰ کے سیلاب کی صورتحال پر ہنگامی اقدامات

پنجاب کے پانچ بڑے شہروں کی واسا کی مشینری گجرات پہنچا دی گئی، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر پانچ صوبائی سیکرٹری گجرات پہنچ گئے، مریم نواز شریف کی طرف سے ڈسپوزل اسٹیشن کی موثر کارکردگی کی تعریف

بھارت کی جانب سے پاکستان کو سیلاب سے متعلق نئی معلومات فراہم کرنے کے بعد پنجاب میں اونچے درجے کے سیلاب کا الرٹ جاری، جلال پور پیروالا میں صورتحال خراب، پنجاب میں مجموعی 42 لاکھ افراد متاثر

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جلالپور پیروالا میں کشتی ڈوبنے کے المناک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے

لاہور (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گجرات میں سیلاب کی صورتحال پر ہنگامی اقدامات اٹھاتے ہوئے پنجاب کے پانچ بڑے شہروں کی واسا کی مشینری گجرات پہنچا دی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر پانچ صوبائی سیکرٹری گجرات پہنچ گئے، ہنگامی اقدامات پر موثر عملدرآمد کرنے اور صورتحال ٹھیک ہونے تک گجرات میں رہنے کا حکم دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر ہاسنگ، کیولیٹیشن، ورکس، لوکل گورنمنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 46)

پاک فضائیہ کی جانب سے 7 ستمبر کی یوم شہداء تقریب

یوم فضائیہ پر ایئر ہیڈ کوارٹرز میں تقریب، اپنے مشن پر پوری یکسوئی سے کاربند ہیں، ایئر چیف مارشل

معرکہ حق اور بنیان مرصوص میں کامیابیاں ایئر فورس کی صلاحیت، عزم کا ثبوت ہیں، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا خطاب

اسلام آباد (بیورو چیف) پاک فضائیہ کی جانب سے 7 ستمبر کو ملک بھر کی تمام ایئر بیسز پر یوم شہداء منایا گیا۔ دن کا آغاز 1965 اور 1971 کے معاركوں کے دوران شہادت کا مرتبہ حاصل کرنے والے ان تمام افراد کے لیے خصوصی دعاؤں اور قرآن خوانی سے ہوا، جنہوں نے قیام پاکستان سے لے کر اب (باقی صفحہ 2 نمبر 42)

کوئی قوم تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کر سکتی، احسن اقبال

پاکستان کو علم، مہارت اور جدت کے ذریعے بلند پرواز کرنی ہے

لاہور + نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان نے اڑان پاکستان کے تحت تبدیلی کا ایک نیا سفر شروع کیا ہے، کوئی قوم تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کر سکتی، پاکستان کو علم، مہارت اور جدت کے (باقی صفحہ 2 نمبر 41)

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا سوات کا دورہ

سیلابوں کے باعث متاثرہ خاندانوں کے مالی و جانی نقصانات کا جائزہ، بی آئی ایس پی کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی

سینیٹر روبینہ خالد نے کاروباری سکھ برادری کیلئے مالیاتی اداروں سے آسان شرائط پر قرضوں کی بات چیت کی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا سوات کا دورہ حالیہ سیلابوں کے باعث متاثرہ خاندانوں کے مالی و جانی نقصانات کا جائزہ؛ بی آئی ایس پی کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی؛ کاروباری سکھ برادری کیلئے مالیاتی اداروں سے آسان شرائط پر قرضوں کی بات چیت؛ وزیر اعظم کی ہدایات موصول ہوتے ہی ریلیف کارروائیوں پر عملدرآمد ہوگا؛

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد سوات کے دورہ کے دوران میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت محترمہ وجیہہ قمر سہالی سکول کا دورہ

وفاقی وزیر نے ایک بیٹی-ایک شجر پر عمل کرتے ہوئے سکول کے طلباء، سٹاف اور والدین کے ساتھ سکول کے احاطے میں ایک پودا بھی لگایا

سکول پرنسپل ڈاکٹر جاوید مہر نے اب تک کی تمام کامیابیاں تفصیلاً بیان کیں جسے وفاقی وزیر نے بے حد سراہا

وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت محترمہ پودا لگا رہی ہیں

اسلام آباد (بیورو چیف) محترمہ وجیہہ قمر صاحبہ یونین کونسل پنڈ بیگوال کے تمام سکولوں کے دورے کے موقع پر سہالی سکول بھی تشریف لائیں۔ سکول کی ننھی طالبات نے پھولوں کا گلدستہ پیش کرتے ہوئے خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر والدین بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر نے وزیر اعظم پاکستان کے وژن ایک بیٹی-ایک شجر پر عمل کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 43)

جامعہ اشرفیہ لاہور میں عمرہ تربیتی پروگرام کا انعقاد

لاہور (این این آئی) جامعہ اشرفیہ میں لاہور میں ماہانہ عمرہ تربیتی پروگرام مہتمم مولانا حافظ فضل الرحیم کی زیر سرپرستی منعقد ہوا جس میں عازمین عمرہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی، پروگرام سے مفتی محمد زکریا اور مفتی عبدالحنان نے عمرہ کرنے کے فضائل، حرمین شریفین کی فضیلت وعظمت، احرام باندھنے (باقی صفحہ 2 نمبر 44)

نہیم الرحمٰن سہگل لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے بلا مقابلہ صدر منتخب

لاہور (این این آئی) نہیم الرحمٰن سہگل لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہو گئے ہیں۔ ان کی نامزدگی کی توثیق پیاف پائنیر پروگریسیو (باقی صفحہ 2 نمبر 45)

میڈیا کا کردار پاک چین تعلقات اور سی پیک منصوبوں کے فروغ میں اہم ہے، چینی ناظم الامور

یہ ورکشاپ اسلام آباد میں سینٹر فار ڈیموکریسی اینڈ کلائمیٹ اسٹڈیز (سی ڈی سی ایس) نے چینی سفارتخانے کے اشتراک سے منعقد کی

چینی سفارتخانے کے ناظم الامور نے مزید کہا کہ چین اور پاکستان سدا بہار اسٹریٹجک شراکت دار اور آہنی دوست ہیں

اسلام آباد: (بیورو چیف) چین کے سفارتخانے کے ناظم الامور مسٹر شی یوان چیانگ نے کہا ہے کہ میڈیا کا کردار پاک-چین دوطرفہ تعلقات اور پاک-چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کے منصوبوں کے فروغ میں نہایت اہم ہے۔ انہوں نے یہ خیالات بلوچستان اور خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کے لیے منعقدہ تربیتی ورکشاپ بعنوان سی پیک رپورٹنگ اور میڈیا ایتھکس کے حوالے سے صحافیوں اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کی صلاحیتوں میں اضافہ سے خطاب کرتے ہوئے ظاہر کیے۔ یہ ورکشاپ اسلام آباد میں سینٹر فار ڈیموکریسی اینڈ کلائمیٹ اسٹڈیز (سی ڈی سی ایس) نے چینی سفارتخانے کے اشتراک سے منعقد کی۔ چینی سفارتخانے کے ناظم الامور نے مزید کہا کہ چین اور پاکستان سدا بہار اسٹریٹجک شراکت دار اور آہنی دوست ہیں۔ پاکستان میں چینی سفارتخانے کے کونسلر مسٹر وانگ شینگ جئے نے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ چین اور پاکستان کے درمیان آہنی دوستی کو اجاگر کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی تبادلوں کو گہرا کرنے میں میڈیا ایک پل کا کردار ادا کرتا ہے اور پاکستانی عوام میں چین کے بارے میں آگاہی بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا: امید ہے کہ صحافی اور آن لائن انفلوئنسرز اپنے پلیٹ فارمز کو پیشہ ورانہ اور ذمہ دارانہ انداز میں استعمال کریں گے، چین سے متعلق خبروں کے ترجمان، چین کے بارے میں تصورات کے مفسر اور چین کے ساتھ دوستانہ عوامی رائے کے رہنما کے طور پر کام کریں گے

پاک فضائیہ نے عوام کو کبھی مایوس نہیں کیا

دشمن کو منہ کی کھانا پڑی، اگلی بار اسکور 6 صفر نہیں 60 صفر ہوگا' ایئر وائس مارشل شہریار خان

ہمیں فخر ہے کہ پاک فضائیہ جنگ کے علاوہ امن کے وقت میں بھی پیش پیش ہوتی ہے' خطاب

کراچی (این این آئی) ایئر وائس مارشل شہریار خان نے کہا ہے کہ ہمارے دشمنوں کو ہمیشہ منہ کی کھانی پڑی۔ اگلی بار اسکور 6 صفر تک محدود نہیں ہوگا بلکہ 60 صفر ہوگا۔ کراچی میں مزارِ قائد پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مزارِ قائد پر گارڈز کے فرائض سنبھالنا پاکستان ایئر فورس اکیڈمی اصغر خان کے لیے اعزاز ہے۔

وزیر اعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر چراغاں کا غیر معمولی اہتمام

مریم نواز کی ہدایت پر صوبہ بھر میں عید میلاد النبی پر روشنی کا سیلاب امڈ آیا

لاہور (این این آئی) عید میلاد النبیؐ کے موقع پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر چراغاں کا غیر معمولی اہتمام کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں عید میلاد النبیؐ پر روشنی کا سیلاب امڈ آیا۔ جشن عید میلاد النبیؐ پر لاہور سمیت ہر شہر میں سبز روشنی چمکنے لگی۔ اللہ اور محمدؐ، مسجد نبوی کی شبیہ اور چاند تارے والے نیون سائن جگمگانے لگے۔

وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین جلال پور جٹاں میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاک فضائیہ نے عوام کو کبھی مایوس نہیں کیا

دشمن کو منہ کی کھانا پڑی، اگلی بار اسکور 6 صفر نہیں 60 صفر ہوگا' ایئر وائس مارشل شہریار خان

ہمیں فخر ہے کہ پاک فضائیہ جنگ کے علاوہ امن کے وقت میں بھی پیش پیش ہوتی ہے' خطاب

کراچی (این این آئی) ایئر وائس مارشل شہریار خان نے کہا ہے کہ ہمارے دشمنوں کو ہمیشہ منہ کی کھانی پڑی۔ اگلی بار اسکور 6 صفر تک محدود نہیں ہوگا بلکہ 60 صفر ہوگا۔ کراچی میں مزارِ قائد پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مزارِ قائد پر گارڈز کے فرائض سنبھالنا پاکستان ایئر فورس اکیڈمی اصغر خان کے لیے اعزاز ہے۔

فلڈ ریلیف کیمپوں میں مچھر مار اور جراثیم کش سپرے کا آغاز

سیلاب متاثرہ علاقوں میں قائم ریلیف کیمپوں کے ٹینٹوں میں بھی فوگنگ کی جا رہی ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی پنجاب ٹیم صوبہ بھر میں مصروف عمل ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سیلاب متاثرہ علاقوں کے فلڈ ریلیف کیمپوں میں مچھر مار، جراثیم کش سپرے اور فوگ سپرے کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ٹینٹ سٹی میں بھی اینٹی ڈینگی سپرے کا آغاز کیا گیا ہے۔

ایس ایس پی انویسٹی گیشن رضا تنویر سپرد 2 ربیع الاول کے موقع پر سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

پاکستان میں چینی گوبھی کی کاشت، پیداوار میں 50 فیصد اضافہ

ایس سی اور کن ممالک میں چینی گوبھی کی کاشت تیزی سے بڑھنے لگی

تیانجن (این این آئی) پاکستان میں چینی گوبھی کی کاشت سے پیداوار میں 50 فیصد اضافہ ہو گیا، تیانجن سائنسدانوں نے مقامی موسم کے مطابق بیج تیار کیے، ایس سی اور کن ممالک میں چینی گوبھی کی کاشت تیزی سے بڑھنے لگی۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق چین (باقی صفحہ 2 نمبر 48)

گڈو بیراج پر پانی کی سطح میں مسلسل اتار چڑھاؤ

ایک بار پھر درمیانے درجے کی سیلابی صورتحال ریکارڈ کی گئی

کشمور (نامہ نگار) گڈو بیراج پر پانی کی سطح میں مسلسل اتار چڑھاؤ، ایک بار پھر درمیانے درجے کی سیلابی صورتحال ریکارڈ، گڈو بیراج پر پانی کی سطح میں مسلسل (باقی صفحہ 2 نمبر 49)

www.layalpurpost.com
ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
کینیڈا

مریم نواز شریف کے حکم پر پانچ صوبائی سیکرٹری گجرات پہنچ گئے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گجرات میں سیلاب کی صورتحال پر ہنگامی اقدامات اٹھاتے ہوئے پنجاب کے پانچ بڑے شہروں کی واسا کی مشینری گجرات پہنچادی گئی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر پانچ صوبائی سیکرٹری گجرات پہنچ گئے ۔ہنگامی اقدامات پر موثر عملدرآمد کرنے اور صورتحال ٹھیک ہونے تک گجرات میں رہنے کا حکم دیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر ہاسنگ، کمیونیکیشن، ورکس، لوکل گورنمنٹ اور اریگیشن کے صوبائی سیکرٹری گجرات پہنچ گئے۔لاہور سمیت دیگر شہروں کے واسا کے سینکڑوں واٹر پمپ گجرات پہنچادیئے گئے ۔دیگر شہروں سے مزید بھاری مشینری، دیگر ضروری ساز و سامان اور عملے کی گجرات آمد کا سلسلہ جاری ہے ۔ آئندہ دو روز میں مزید مشینری گجرات پہنچ جائے گی۔ گجرات میں سیلابی پانی کے نکاس کے ہنگامی ایکشن پلان پر چوبیس گھنٹے کام ہوگا ۔ گجرات میں نکاسی آب اور سیوریج کے جدید نظام کے لیے پہلے سے منظور شدہ 21 ارب روپے کے پیکیج پر بلا تاخیر عملدرآمد شروع کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ منصوبے کے تحت مستقبل میں نکاسی آب کا جدید انفراسٹرکچر تعمیر ہوگا۔انجینئرنگ کے جدید خطوط پر سیلابی نالوں کا پورا نظام بنے گا۔ایک ہفتے میں گجرات واسا کے نئے قائم ہونے والے ادارے کو بھاری مشینری فراہم کردی جائے گی ۔ گجرات میں نکاسی آب اور شہریوں کی مدد کے لئے 83 ٹیکنیکل مہارت رکھنے والے عملے کی بھی ہنگامی بنیادوں پر تعیناتی کردی گئی ہے۔

بقیہ نمبر.....1

فیصل آباد سیلاب متاثرین کی اس مشکل گھڑی میں بنیادی ضرورت پینے کی فراہمی کے لئے جذبہ خدمت کے ساتھ شانہ بشانہ ہے۔ایم ڈی واسا سہیل قادر چیمہ نے مزید کہا کہ چنیوٹ سے بھوانہ، بھوانہ سے جھنگ، چنیوٹ سے لاہور روڈ کے ساتھ ساتھ متعین کئے گئے واٹر ٹینکر کے ساتھ واٹر ڈائریکٹوریٹ کا سٹاف بھی ڈیوٹی انجام دے رہا ہے جبکہ چاروں علاقوں کے فلڈ ریلیف کیمپس پر موجود سیلاب متاثرین کو تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے وافر مقدار میں پانی کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ نمبر.....2

ثابت کر دیا کہ فوج اور ہر فرد وطن عزیز کی حفاظت کرنا بخوبی جانتا ہے ان کا کہنا تھا کہ آج کے دن ہم تجدید عہد کرتے ہیں کہ بحیثیت فرد واحد بھی ملکی سلامتی و ترقی میں ایمانداری کے ساتھ اپنا اپنا کردار بخوبی نبھا کر ملک کا دفاع مضبوط بنائیں گےتقریب کے شرکاء نے پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے اور ان کو سلام پیش کیا

بقیہ نمبر.....3

ڈائریکٹر آمنہ عالم نے بتایا کہ 10 کلو وزنی آٹے کے 230 بیگز، 60 ہزار روپے مالیت کی ادویات اور 800 خشک راشن بیگز متاثرین کے لیے روانہ کیے گئے۔فوڈ بیگز میں چینی، چاول، دالیں، کھجوریں، مصالحہ جات، خشک اشیاء اور خواتین کے لیے سینٹری پیڈز بھی شامل تھے۔ آمنہ عالم نے کہا کہ مظفرگڑھ کے سیلاب متاثرین کی ہر ممکن مدد کی جا رہی ہے اور یہ سلسلہ متاثرین کی مکمل بحالی تک جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر.....4

کیلئے مختلف پہلوؤں پر تحقیقات شروع کردیں۔

بقیہ نمبر.....5

ہوتے ہی تفتیش میں تعاون کیا جائے گا۔دوسری جانب میاں علی اشفاق ایڈووکیٹ ہی رجب بٹ کی وکالت کریں گے، ان کی جانب سے 9 ستمبر کو تحریری جواب جمع کرایا جائے گا۔میاں علی اشفاق ایڈووکیٹ نے کہا کہ رجب بٹ کے کیس کا تمام پہلوؤں سے جائزہ لیا جارہا ہے، ان کے کیس میں قانون کے مطابق مکمل دفاع کریں گے۔

بقیہ نمبر.....6

کی گئی جبکہ ڈویژنل کمشنر کو جلوسوں کے روٹس اور سیکیورٹی انتظامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے فول پروف سیکیورٹی پلان کے حوالے سے اقدامات سے آگاہ کیا۔ڈویژنل کمشنر نے سیکیورٹی کیمروں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔انہوں نے جلوسوں کو پرامن اور محفوظ بنانے کے لیے مجموعی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ڈپٹی کمشنر فیصل آباد کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ جلوسوں کے تمام روٹس پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے جبکہ کنٹرول روم سے تمام تر صورتحال لحہ بہ لحہ مانیٹر کی جاتی رہی۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی شہریوں کے تحفظ کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر.....7

قائداعظم محمد علی جناح کے وژن کے مطابق اپنے آپ کو ایک اعلیٰ اور پیشہ ورادارے کے طور پر منوایا ہے۔آج اس کی پیشہ ورانہ مہارت دنیا کی کسی بھی فضائیہ سے کم نہیں۔1965ء کی جنگ میں پاک فضائیہ کے جوانوں کی شجاعت تاریخ کا روشن باب ہے جبکہ حالیہ تاریخ میں بھی پاک فضائیہ نے دہشت گردی کے خلاف آپریشن "بنیان مرصوص" میں فیصلہ کن کردار ادا کر کے دنیا بھر میں پاکستان کا وقار بلند کیا۔کمشنر فیصل آباد نے کہا کہ پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات مندانہ قیادت اور جنگی صلاحیتیں اس امر کا ثبوت ہیں کہ وہ ہر بڑے دشمن کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ پاک فضائیہ آئندہ بھی مادرِ وطن کی خودمختاری، فضائی و زمینی سرحدوں اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے ہر وقت تیار رہے گی۔

بقیہ نمبر.....8

میں پاک فوج اور عوام نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔مقررین نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ پاک فوج نے جس طرح 1965ء میں جرات اور استقامت کا مظاہرہ کیا تھا، اسی طرح 2025ء میں بھی مادرِ وطن کے دفاع میں بہادری اور قربانی کی نئی مثالیں قائم کی ہیں اور دشمن کو ہر محاذ پر ناکام بنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ "پاک فوج قوم کی ڈھال ہے، جو ہر چیلنج کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا جانتی ہے '' اور "پاکستان کے دشمن جان لیں کہ ہماری بہادر افواج کسی بھی جارحیت کو کبھی برداشت نہیں کریں گی۔"یوم دفاع کے موقع پر شرکاء نے عہد کیا کہ وہ پاکستان کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کیلئے ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔آخر میں ریلیاں بھی نکالی گئی اور پاک فوج زندہ باد کے نعرے بھی لگائے گے

بقیہ نمبر.....9

گلی محلوں کو خوبصورتی سے سجانے کیساتھ چراغاں کرنے کیساتھ مختلف مقامات پر روح پرور محفلوں کا اہتمام ہوا۔جبکہ مرکزی میلاد کمیٹی، دعوت اسلامی اور ٹی ایل پی کو جرخان کے زیر اہتمام عید میلاد النبی ﷺ کی خوشی میں جلوس نکالے گئے ۔ ریلوے روڈ مولوی اسماعیل والی مسجد کے سامنے سے مرکزی جلوس نکالا گیا۔ جلوس کے آغاز پر خصوصی طور پر دعا مانگی گئی اور فیتہ اے ایس پی سید دانیال حسن۔اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان حمزہ احتشام، انچارج ٹریفک صدر سرکل چوہدری قاسم اور پیر سید سعید احمد شاہ گیلانی نے کاٹا۔جلوس کی قیادت سرپرست اعلیٰ مرکزی میلاد کمیٹی علامہ محمود الحسن چوہان، صدر مرکزی میلاد کمیٹی الحاج راجہ حسن اختر چوہان، راجہ عبدالغفور کیانی، علامہ صدیق باروی، صاحبزادہ خلیل احمد رضوی، علامہ تیمور مدنی، عبدالصبور کیانی، قاری طیب چشتی، امیر ٹی ایل پی راولپنڈی ڈویژن حاجی محمد رمضان چشتی، بلدیہ ریگولیشن آفیسر چاند نبین، راجہ جواد، تیمور وارثی، نصیر چشتی، نثار عطاری، مرزا شعبان، سمیت علماء و مشائخ نے کی جبکہ جلوس میں شہر سمیت گردونواح کے دیہاتوں قصبوں سے بچوں بڑوں اور بزرگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ گوجر خان پولیس نے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے، بلدیہ، صاف ستھرا پنجاب پروگرام کی سی ٹی ڈی ایس جے وی کمپنی، اور ریسکیو 1122 کے زمہ داران اپنی اپنی ٹیم کے ساتھ جلوس کی معاونت کے لیے ہمراہ رہے۔موٹروے پولیس نے جی ٹی روڈ اور ٹریفک وارڈن انسپکٹرز وسیم رزاق، شاہد عمران، حسن ظہور، خبیب، ڈیوٹی آفیسرز نعمان اور افضال وارڈن افیسرز کامران، چوہدری امجد، نوید اور ناصر نے سروس روڈ سمیت تمام ایریاز سے آنے والے جلوسوں کے لیے ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھتے ہوئے راستے کلیئر کروانے میں پیش پیش رہے۔تمام جلوس مقررہ راستوں سے ہوتے ہوئے مرکزی جامع مسجد جی ٹی روڈ پہنچے جہاں محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا۔محفل کے اختتام پر تمام میلاد کمیٹیوں کے زمہ داران کو اسناد دی گئیں۔

بقیہ نمبر.....10

کہا کہ عوام دفاعِ پاکستان سے متعلق نئی تاریخ رقم کرنے پر اپنی فوج کی ممنون ہے۔خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ آج کا دن وطن کے ساتھ تجدید عہد کا دن ہے۔

بقیہ نمبر.....11

سالہ محمد عارف، اس کی 28 سالہ بیوی ساجدہ پروین شدید زخمی اور دو بچے 6 سالہ سندس فاطمہ، 8 سالہ محمد احمد موقع پر جانبحق ہو گے جن کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ نمبر.....12

اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ خصوصی معافی ان قیدیوں پر لاگو ہوگی جو قانون کے تحت معیار پر پورے اترتے ہیں، قتل، دہشت گردی، جاسوسی اور بڑے مالیاتی جرائم میں سزا یافتہ قیدیوں پر معافی کا اطلاق نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر.....13

تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، ایس پی راول سعد ارشد کا کہنا تھا کہ اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان۔کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر.....14

کے حوالے سے کردار ادا کرے۔ترجمان کا کہنا ہے کہ زبردستی بے دخلی اور غیر قانونی بستیاں امن اور استحکام کی کوششوں کو سبوتاژ کرتی ہیں، پاکستان اسرائیل کے اہلِ فلسطین کو غزہ سے بے دخلی کے بیانات کی مذمت کرتا ہے۔دفتر خارجہ کے ترجمان کا یہ بھی کہنا ہے کہ پاکستان فلسطینی عوام کی جائز جدوجہد کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا، فلسطینی ریاست جس کی بنیاد 1967ء سے قبل کی سرحدیں ہیں اور جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہوگا۔

بقیہ نمبر.....15

اڈیالہ جیل کے باہر 2 لڑکیوں نے انڈا دے مارا تھا۔ پولیس نے 2 لڑکیوں کو حراست میں لے لیا تھا، پی ٹی آئی نے ملزمان کے خلاف کارروائی کی درخواست دے دی۔پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وکیل نے کارروائی کیلئے تھانہ صدر بیرونی میں درخواست دی

بقیہ نمبر.....16

بلا رکاوٹ روانی کیلئے پرعزم، شاہراہوں پر ٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی اور تجاوزات کے خاتمہ کیلئے سرکل وسیکٹر انچارجز کو حکم جاری کرتے ہوئے کہنا تھا کہ ضلع بھر میں ٹریفک کو بلا رکاوٹ برقرار رکھنے کیلئے نو پارکنگ وتجاوزات کیخلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے ۔تجاوزات کے خاتمہ کیلئے سرکل انچارجز اپنے سرکل میں تاجر برادری کیساتھ ملکر تجاوزت مافیا کا خاتمہ کریں اور پلازوں میں پارکنگ کی سہولت کو ہرصورت یقینی بنائیں تا کہ شاہراہوں پر ٹریفک کو رواں دواں رکھا جا سکے۔انکا مزید کہنا تھا کہ تجاوزات و غلط پارکنگ ٹریفک کی روانی کو متاثر کرنے کیساتھ دوسرے روڈ یوزرز کیلئے تکلیف کا باعث بنتی ہے ،شہری اپنی عارضی سہولت اور جلد بازی کی وجہ سے گاڑیاں وموٹر سائیکلوں کو غلط پارک کر جاتے ہیں جسکی وجہ سے نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے بلکہ باقی روڈ یوزرز کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی نے ایسے تمام عناصر کیخلاف سخت اور بلا امتیاز کاروائی کا آغاز کر دیا ہے لہذا بھاری جرمانوں اور قانونی کاروائی سے بچنے کیلئے دوران خریداری اپنی گاڑی و موٹر سائیکل کو پارکنگ یا مناسب جگہ پر پارک کریں کیونکہ ٹریفک قوانین پر عمل پیرا ہو کر ہی ہم مہذب معاشروں میں شامل ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر.....17

پاک فوج کے چاق وچوبند دستے نے یادگار شہداء پر سلامی پیش کی۔بہاولپور گیریژن میں بھی تقریب کا انعقاد کیا گیا، پشاور میں کور کمانڈر پشاور نے یادگار شہدا پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی۔گوادر میں بھی یادگار شہداء پر تقریب کوئٹہ گیریژن میں ہوئی۔تقریب میں کور کمانڈر بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان نے یادگار شہداء پر پھول چڑھائے۔

بقیہ نمبر.....18

افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائیگا، شہریوں کو قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ نمبر.....19

خوانی اور امت مسلمہ کے لئے دعائیں لیں ،اس موقع پر انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ یوم ولادت باسعادت خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پرمسرت موقع پر پوری امتِ مسلمہ کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں، رسول اکرم ﷺ کی ولادتِ باسعادت انسانیت کے لئے سب سے بڑی رحمت اور ہدایت کا پیغام ہے، آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ ہمیں محبت، اخوت، عدل اور خدمتِ خلق کا درس دیتی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اس بابرکت دن کے موقع پر ہم عہد کرتے ہیں کہ اپنی زندگیوں کو نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کریں گے، اللہ تعالیٰ ہم سب کو سچا عاشقِ رسول بنائے اور پاکستان کو امن وترقی کا گہوارہ بنائے، آئی جی اسلام آباد نے یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی، انہوں نے کہا کہ 06 ستمبر کا دن ہماری تاریخ کا ایک لازوال باب ہے، یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ افواج پاکستان اور پاکستانی قوم نے مل کر کس طرح دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا تھا، افواج پاکستان کے غیور اور بہادر جانبازوں نے مادرِ وطن کے دفاع کے لئے اپنی جانوں کے نذرانہ پیش کئے، انہوں نے مزید کہا کہ معرکہ حق آپریشن بنیان المرصوص افواج پاکستان کا وطن کے دفاع وقربانیوں کا ہی تسلسل ہے، آج کے دن ہم اپنے شہداء اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں، ہمارے شہدا اور غازیوں نے اپنی قربانیوں سے ناصرف سرزمین پاکستان اور اس میں بسنے والی عوام کی ہمیشہ حفاظت کی بلکہ پاکستان کو ہمیشہ سرخرو بھی کیا۔

بقیہ نمبر.....20

ابتدائی طبی امداد کے بعد راولپنڈی ریفر کیا گیا جہاں اسکی حالت بھی انتہائی تشویشناک بتائی جا رہی ہے ۔ افغانستان واپس جانے والے خاندان کے لیے یہ حادثہ کسی سانحہ سے کم نہیں۔ جو پاکستان سے رخصت ہوتے ہوئے بہت ہی دلخراش یادیں لیکر جائیں گے۔مرحوم نجیب خان کی نماز جنازہ جھنڈا میں ادا کرنے کے بعد اسے وہیں سپرد خاک کیا گیا۔مرحوم انتہائی ملنسار ہنس مکھ طبیعت کا مالک تھا۔جسے موت نے پاکستان سے افغانستان ہجرت کرنے سے روک لیا اور دھرتی پاکستان کی سرزمین میں مستقل جگہ دے دی۔عوامی سماجی حلقوں نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان سے جانے والے افغان پناہ گزینوں کو اپنے وطن جانے کے لیے تمام ضروری وسائل بآسانی فراہم کرنے لیے کردار ادا کرے۔

بقیہ نمبر.....21

آنے والے کل لمہ فکریہ ہونگے۔۔

بقیہ نمبر.....22

میں محفل پاک کے بعد اختتام پذیر ہوا جلوس کی قیادت قاری فقیر حسین فریدی صاحب حافظ محمد ندیم صاحب اور حافظ محمد ضیاء صاحب نے کی نعت خوانی حافظ محمد عمیر صاحب اور حافظ محمد حسنین صاحب نے کی جلوس کے شرکا سے مفتی محمد ذیشان صاحب محمد لبیب فریدی صاحب حافظ مفتی محمد عدنان صاحب نے خطاب کیا خطاب کرتے ہوئے حافظ مفتی محمد عدنان صاحب نے قران وحدیث کی روشنی میں جشن عید میلاد النبی کی خوشیاں منانے کے دلائل دیے محفل پاک کے اختتام پر شرکا کے لیے لنگر کا وسیع انتظام کیا گیا تھا اہل گاؤں کی جانب سے تحریک لبیک پاکستان کے کارکنوں کو اس خوبصورت پروگرام کے انعقاد پر مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری

بقیہ نمبر.....23

بہادری اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ 1965 کی جنگ میں پاک بحریہ نے جرات اور ہمت کی نئی تاریخ رقم کی، آپریشن سومنا تھ دشمن کیلئے خوف اور پاک بحریہ کیلئے فخر کی علامت بنا۔صدر زرداری نے کہا کہ یومِ بحریہ اس عزم کی تجدید ہے کہ پاک بحریہ ہر محاذ پر قوم کا دفاع کرتی رہے گی، پاک بحریہ ایک جدید اور کثیر الجہتی فورس کے طور پر ابھری ہے۔صدر آصف علی زرداری پاک بحریہ تجارتی راستوں کے تحفظ اور عالمی امن مشنز میں بھی کردار ادا کر رہی ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ نپیان المرصوص کے دوران پاک بحریہ نے سمندری حدود کا تحفظ کرتے ہوئے دشمن کی کسی بھی ممکنہ جارحیت کو ناکام بنایا۔صدر مملکت نے کہا کہ قوم کو اپنے شہداء اور غازیوں پر فخر ہے۔صدر زرداری نے کہا کہ یومِ بحریہ پر ہم شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر.....24

سڑک کم اور کھڈوں و دلدل کا منظر زیادہ پیش کر رہی ہے ۔ پہلے ضرورت سے زیادہ روڈ اُکھاڑ کر عوام کو ذلیل وخوار کیا گیا، اور پھر اوپر سے چکنی مٹی ڈال کر بارش میں پورے علاقے کو کیچڑ کے جہنم میں بدل دیا گیا۔نتیجہ یہ نکلا کہ ن اس صرف موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے لیے مسائل میں اضافہ ہوا بلکہ پیدل چلنے والوں کے لیے بھی راستہ کسی اذیت ناک امتحان سے کم نہ رہا۔اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ یہ سب کچھ عوامی مفاد میں نہیں بلکہ صرف کمیشن کی خاطر کیا جا رہا ہے۔ عوام دشمن عناصر سڑک کو اس طرح اکھاڑتے ہیں جیسے یہ ان کی ذاتی چراگاہ ہو، اور پھر کئ دن تک تک اسے ادھورا چھوڑ کر عوام کو اذیت میں دھکیل دیتے ہیں۔عوامی و سماجی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر یہ صورتحال برقرار رہی تو سڑک تعمیر کے بجائے عوام کی ہلاکت خیزی کا سبب بن جائے گی۔ان کا کہنا ہے ٹھیکیدار اور کمیشن مافیا نے سڑک کو کمائی کا ذریعہ اور عوام کو تجربہ گاہ بنا دیا ہے۔صرف جیبیں گرم کر رہے ہیں عوام کو اذیت سے گزر رہی ہیں انہیں کوئ سروکار نہیں حکمران اگر اب بھی خاموش رہے تو اس جرم میں برابر کے شریک سمجھے جائیں گے۔اہلِ علاقہ نے وزیرِاعلیٰ پنجاب اور متعلقہ محکموں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام دشمن ٹھیکیدار کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور منصوبے کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے

بقیہ نمبر.....25

موثر کریک ڈاؤن جاری ہے،اس سلسلہ میں تھانہ آبپارہ، تھانہ سیکرٹریٹ، تھانہ کوہسار، تھا نہ ویمن اور تھا نہ شالیمار پولیس ٹیمو ں نے 25 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 2,844 گرام آئس، 944 گرام ہیروئن، مختلف پور کے آٹھ عدد پستول، تین عدد کلاشنکوفیں، دو گنیں معہ ایمونیشن اور خنجر برآمد کرلئے، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لئے گئے جبکہ اشتہاری، عدالتی اور عادی مجرمان کی گرفتاری کے لئے جاری خصوصی مہم کے دوران سنگین جرائم میں ملوث پانچ مجرمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی،ایس ایس پی اپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے مصروف عمل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی،شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے،شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں، تا کہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر.....26

رکھنا اور بازاروں کے اردگرد منظم ٹریفک نظام کو برقرار رکھنا تھا،اس سلسلہ میں سینئر افسران نے بازاروں کا دورہ کیا،ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا اور بازار ڈیوٹی پر مامور ٹریفک افسران کو اپنے فرائض منصبی بہتر طریقے سے سرانجام دینے کے متعلق بریفنگ دی،انہوں نے افسران کو فرائض کی انجام دہی میں کوتاہی نہ برتنے کی ہدایت کی،ٹریفک پولیس کی نفری کو تمام داخلی و خارجی راستوں، پارکنگ ایریاز اور حساس مقامات پر تعینات کیا گیا ہے تا کہ کسی بھی قسم کی بدنظمی یا رکاوٹ سے بچا جا سکے،چیف ٹریفک پولیس آفیسر اسلام آباد حمزہ ہمایوں نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی گاڑیاں مختص کردہ پارکنگ ایریاز میں ہی پارک کریں تا کہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو، خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی،جس میں گاڑی کا چالان اور دیگر اقدامات شامل ہیں،انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس شہریوں کی سہولت اور نظم وضبط کے لیے ہمہ وقت مستعد ہے،شہری ٹریفک قوانین کی پابندی کر کے مہذب شہری ہونے کا ثبوت دیں،شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنا اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ نمبر.....27

پمپ اور جنریٹر شامل ہیں۔امریکی ناظم الامور اور کمانڈر یو ایس آرمینٹ نے اسلام آباد میں امدادی سامان پاکستان آرمی کے حوالے کیا۔امدادی سامان پاک فوج کے فلڈ ریلیف کیمپس کے ذریعے متاثرین سیلاب میں تقسیم کیا جائے گا۔آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ پاکستانی حکومت اور عوام آزمائش کی گھڑی میں متاثرین سیلاب کے ساتھ کھڑے ہونے پر امریکی حکومت اور افواج کے شکر گزار ہیں۔

بقیہ نمبر.....28

اور پیشہ وارانہ جرات کا مظاہرہ کیا، پاک فضائیہ نے اپنی مہارت سے دنیا کو حیران کیا۔انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ نے ہمیشہ ملکی حدود کا دفاع کیا، قوم اپنے شہدا اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے، پاک فضائیہ نے معرکہ حق میں فیصلہ کن کردار ادا کیا، قوم کو پاک فضائیہ کی صلاحیتوں پر فخر ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ پاک فضائیہ کی جدید صلاحیتیں قوم کے دفاع کی ضمانت ہیں۔رواں برس اس دن کی اہمیت اس لیے زیادہ ہے کہ مئی میں انڈیا کے ساتھ ہونے والی چار روزہ جنگ میں پاکستان فضائیہ نے چھ انڈین طیارے مار گرائے تھے، جس کا اعتراف نئی دہلی حکام بھی کر چکے ہیں۔گزشتہ روز یوم دفاع کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب میں پاکستان فضائیہ کے ایئر وائس مارشل شہریار احمد خان نے انڈیا کو پیغام دیا تھا کہ اگلی بار طیارے گرائے جانے کا سکور 6-0 کی بجائے 60-0 ہوگا۔وزیراعظم نے بھارت سے حالیہ جنگ میں پاکستان ایئر فورس کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ یقیناً پاکستان ایئر فورس کی یہ شاندار کارکردگی جرات مند قیادت، جانباز سپوتوں کی مہارت، اعلیٰ حکمت عملی اور کثیر الجہتی جنگی صلاحیتوں کے مؤثر استعمال کا مظہر ہے۔انہوں نے کہا کہ میں خصوصاً اس بات پر فخر محسوس کرتا ہوں کہ پاکستانی فضائیہ نے اپنی شاندار تاریخی روایت کو زندہ رکھتے ہوئے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو بھی شکست دی، ہمارے ہیروز نے بہادری سے یہ ثابت کیا کہ دشمن کتنا ہی طاقتور اور اسلحہ سے لیس کیوں نہ ہو، وہ کبھی جذبے اور حوصلے کو شکست نہیں دے سکتا۔وزیراعظم نے کہا کہ آج کی پاکستانِ ایئر فورس ان بہادر بیٹوں کو زبردست خراجِ تحسین ہے جنہوں نے اپنی جانوں کی قربانیاں دے کر ایئر فورس کی تاریخ رقم کی، مجھے یقین ہے کہ پاکستانی فضائیہ ہمیشہ کی طرح ملکی خودمختاری، جغرافیائی سرحدوں اور سالمیت کا بھرپور دفاع کرتی رہے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ آج ہم پاکستان ایئر فورس کے جانبازوں کی بہادری اور قربانیوں کو یاد کرتے ہیں، خاص طور پر ان کو جنہوں نے 1965 کی پاکستان بھارت جنگ کے دوران وطن کا دفاع کیا، یہ دن پاکستان ایئر فورس کے شہداء کے نام ہے، جنہوں نے جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور قربانی کی روح کے ساتھ تاریخ رقم کی۔1965 میں تین ہفتے تک جاری رہنے والے اس معرکے میں پاکستان نے بھارت کے 31 طیارے مار گرائے تھے۔یوم فضائیہ پر روشنی ڈالتے ہوئے وزیراعظم نے مزید کہا کہ اس دن کو منانے کا مقصد آنے والی نسلوں کو اس عزم، حوصلے اور جرات کی یاد دہانی کروانا ہے جسکے ساتھ ہماری فضائیہ نے قوم کا دفاع کیا

بقیہ نمبر.....29

نے پنجاب کی مختلف ڈویژنز سے بڑے پیمانے پر گندم برآمد کرلی،اس دوران مجموعی طور پر 75 ہزار 886 میٹرک ٹن گندم ضبط کرلی گئی ہیں۔ترجمان پرائس کنٹرول کے مطابق پنجاب کی 10 ڈویژن سے 2 لاکھ 5 ہزار 271 میٹرک ٹن گندم کی چیکنگ کی گئی، اس دوران 184 گوداموں کی چیکنگ کی گئی اور 88 گودام سیل کیے۔

بقیہ نمبر.....30

کیلئے دے رکھا تھا۔جس نے گزشتہ دنوں بھائیوں سے کہا کہ وہ یہ رقبہ اپنے بیٹوں کے نام ہبہ کروانا چاہتی ہیں جنہوں نے اپنے بہن کو حلقہ پٹواری کے پاس لے گے جس نے کاغذات پر انگوٹھے لگوالئے۔

بقیہ نمبر.....31

جماعتِ اسلامی نے کہا کہ 2017 میں پاکستان کو ارلی وارننگ کے لیے قرض ملنا شروع ہوا مگر حکومتوں نے ارلی وارننگ کے حوالے سے کوئی اقدامات نہیں کیے، سسٹم نہ لگانے کے ذمے داران کا تعین کیا جانا چاہیے۔اُن کا کہنا ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ پانی کے بحران سے متعلق تجاویز اور حل دیں، پانی سے متعلق ہمیں مستقل حکمتِ عملی کی ضرورت ہے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے یہ بھی کہا کہ مشکل دنوں میں بھی ہم نے اپنے دشمن کو شکست دی۔

بقیہ نمبر.....32

کرنے کے لیے بھی قابلِ عمل تجاویز تیار کی جائیں گی۔معین وٹو نے کہا کہ سیلاب کے خدشات و نقصانات سے بچنے کے لیے وسیع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے، ڈیمز بنانے، پانی ذخیرہ کرنے اور زیادہ درخت لگانے کی زیادہ ضرورت ہے، عوام میں آگہی پیدا کرنے کی ضرورت ہے کہ دریاؤں کے کنارے تعمیرات نہ کریں

بقیہ نمبر.....33

نقوی اس فیلو شپ کے لیے منتخب ہونے والی پاکستان کی تاریخ کی پہلی خاتون پولیس افسر ہیں۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس کے افسران کی کارکردگی کی عالمی سطح پر پذیرائی فخر کی بات ہے۔واضح رہے کہ ایشیاء 21 نیکسٹ جنریشن سمٹ اسی سال 5 تا 7 دسمبر کو فلپائن میں منعقد ہو گی۔ایشیاء 21 سمٹ میں منتخب کئے گئے خواتین اور مرد معاشرے کو درپیش مسائل کے حل کے لئے ٹھوس تجاویز پیش کریں گے۔

بقیہ نمبر.....34

متاثرہ افراد کے انخلا کے لیے استعمال کی جارہی تھی۔رپورٹ میں کہا گیا کہ کشتی پر زیادہ تر خواتین اور بچے سوار تھے اور پانی کی گہرائی 15 سے 20 فٹ تک تھی۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ عملے نے سرچ اور ریسکیو آپریشن شروع کیا اور 4 لاشیں نکال لی گئیں، جبکہ باقی افراد کو بحفاظت ریسکیو کر لیا گیا جبکہ ایک بچے کی تلاش کے لیے مختلف مقامات پر آپریشن جاری تھا۔محکمے کے ایک بیان میں کہا گیا کہ ریسکیو 1122 کے سیکریٹری ڈاکٹر رضوان نذیر نے اموات پر دکھ کا اظہار کیا اور ڈویژنل ایمرجنسی آفیسر کو فوری طور پر واقعے کی رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا۔کمشنر ملتان عامر کریم خان نے بھی اموات پر افسوس کا اظہار کیا اور جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت کی۔صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) پنجاب کے ڈائریکٹر جنرل عرفان کاٹھیا نے ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی امداد فراہم کی جائے۔انہوں نے حکم دیا کہ سیلابی صورتحال میں متاثرین کا

Rg.No. 1546653-9
ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار
www.layalpurpost.com
ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
چیف ایڈیٹر پبلشر
منیر احمد ڈار
ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار
جلد نمبر 2 | منگل، 9 ستمبر 2025ء، 15 ربیع الاول 1447ھ، 25 بھادوں 2081 ب م | شمارہ نمبر 46

سیڑھیاں چڑھتے ہوئے سانس پھولنا کس بیماری کی علامت ہے؟

کراچی (سی ایم لنکس) گھر دفتر یا کسی مارکیٹ کی سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اگر آپ کا سانس پھول جاتا ہے تو یاد رکھیں کہ یہ معمولی بات نہیں آپ کو محتاط رہنے کی اشد ضرورت ہے۔اس حوالے سے ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ کئی بار سیڑھیاں چڑھتے ہوئے لوگوں کو سانس لینے میں تکلیف ہونے لگتی ہے یہ صورتحال آپ کی صحت سے متعلق بہت سے مسائل کا سبب بن سکتی ہے۔بہت سے لوگ سانس پھولنے کو اسے نارمل سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں، تاہم ایسا کرنا صحت کے لیے نقصان دہ ہوسکتا ہے، دراصل سیڑھیاں چڑھتے ہوئے سانس پھولنا کوئی عام بات نہیں ہے بلکہ یہ بہت سی بیماریوں کی علامت ہے۔ماہرین کے مطابق سانس کی تکلیف دو وجوہات سے ہوتی ہے، پہلا یہ کہ آپ کے پھیپھڑے ٹھیک سے کام نہیں کر رہے اور آکسیجن کی سطح کم ہے۔ایک اور وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ آپ کا دل ٹھیک طریقے سے کام نہیں کر رہا ہے، جس کی وجہ سے خون کی گردش درست نہیں ہے۔اس کی وجہ سے دل پر اضافی دباؤ پڑتا ہے اور سانس پھولنے لگتی ہے۔۔۔دمہ کی علامات۔۔۔اگر آپ کو سیڑھیاں چڑھتے ہوئے سانس کی تکلیف محسوس ہوتی ہے تو آپ کو دمہ کا مسئلہ ہو سکتا ہے۔سیڑھیاں چڑھنے کے دوران سانس کی تکلیف ظاہر کرتی ہے کہ آپ کے پھیپھڑوں کی حالت ٹھیک نہیں ہے۔۔۔موٹاپا۔۔۔سانس پھولنے کا مسئلہ موٹاپے کے شکار افراد میں بھی زیادہ دیکھا جاتا ہے، دراصل وزن بڑھنے کی وجہ سے پھیپھڑوں کی دیواروں پر اضافی وزن پڑنا شروع ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے مسلز کو گہرے سانس لینے اور تیز سانس لینے میں مشکل پیش آتی ہے، اس کی وجہ سے اعصابی نظام کا سانس لینے کا کنٹرول خراب ہو جاتا ہے۔۔۔سگریٹ نوشی۔۔۔جو لوگ تمباکو نوشی کرتے ہیں ان کے پھیپھڑے اندر سے خراب ہو جاتے ہیں اور سیڑھیاں چڑھتے ہوئے ان کو سانس لینے میں تکلیف ہوسکتی ہے۔۔۔

گوجرخان میں جشن ولادت خاتم النبین ﷺ کی خوشی میں جلوس نکالا گیا

جشن میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے شہر کو خوبصورتی کیساتھ سجانے چراغاں کرنے اور مختلف مقامات پر روح پرور محفلوں کا اہتمام کیا گیا

تمام جلوس مقررہ راستوں سے ہوتے ہوئے مرکزی جامع مسجد پہنچے جہاں محفل میلاد کے اختتام پر تمام میلاد کمیٹیوں کے زمہداران کو اسناد دی گئیں

گوجرخان (نامہ نگار) ماہ ربیع الاول رواں ہے یہ مبارک مہینہ ختم المرسلین خاتم النبین حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کی دنیا میں آمد اور رخصت کا مہینہ ہے۔ حضور ﷺ کی تشریف آوری اور رخصت کا یوم اور تاریخ ایک ہی 12 ربیع الاول ہے۔ ملک بھر کی طرح تحصیل گوجرخان میں روایت کے مطابق جشن میلاد مصطفےٰ ﷺ پوری عقیدت واحترام اور مذہبی جوش وخروش سے منایا گیا۔ صبح کا آغاز نماز فجر کے بعد قوم و ملک کی سلامتی اور ترقی کیلیے مساجد میں خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ جشن میلاد النبی ﷺ کے موقع پر شہر اور قصبات کی مساجد (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

حضرو کے علاقہ کامرہ مین مارکیٹ سنسان پڑی ہے

پاکستانی فضائیہ نے معرکہ حق میں دنیا کو حیران کر دیا، صدر و وزیراعظم

پاک فضائیہ نے ہمیشہ ملکی حدود کا دفاع کیا، قوم اپنے شہدا اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے

پاک فضائیہ نے معرکہ حق میں فیصلہ کن کردار ادا کیا، قوم کو پاک فضائیہ کی صلاحیتوں پر فخر ہے، یوم فضائیہ پر پیغامات

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوم فضائیہ پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان ایئر فورس نے مسلح افواج کے ساتھ مل کر بھارت کے خلاف معرکہ حق میں فیصلہ کن کردار ادا کیا اور جس طرح ہر محاذ پر دشمن کو شکست دی، اس نے پوری دنیا کو حیران کر دیا۔ ہر سال سات ستمبر کو پاکستان میں یوم فضائیہ منایا جاتا ہے اس موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پاک فضائیہ نے 1965 کی جنگ میں شجاعت کی تاریخ رقم کی، پاک فضائیہ فضائیہ نے اپنی شاندار مہارت (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کا عید میلاد النبی کے موقع پر ملک سیف الملوک کھوکھر اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

بھائیوں نے بہن کی زمین محکمہ کی ملی بھگت سے فروخت کر دی

سرگودھا (این این آئی) بھائیوں نے بہن کی زمین اس کے بچوں کے نام کرنے کی بجائے محکمہ کی ملی بھگت سے فروخت کر دی جس کے انکشاف پر اینٹی کرپشن نے چاروں بھائیوں حلقہ پٹواری اور تحصیلدار خریداروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا جس میں مزید تفتیش جاری ہے۔ ذرائع کیمطابق ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ منکیرہ کے محلہ کیسانوالہ کی خاتون نے اپنا وراثتی رقبہ تقریبا 19 کینال اپنے بھائیوں کو بطور مزارعہ کاشت (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

سیلاب متاثرین کے نقصانات کی تلافی کی جائے گی، معین وٹو

اوکاڑہ (این این آئی) وفاقی وزیر میاں معین وٹو کا کہنا ہے کہ حکومت نے سیلاب متاثرین کے نقصانات کا تخمینہ لگانا شروع کر دیا ہے، نقصانات کی تلافی کی جائے گی، کسانوں کی اگلی فصل کی بوائی کے لیے مالی اعانت بھی کی جائے گی۔ اوکاڑہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر میاں معین وٹو نے کہا کہ فیڈرل فلڈ کمیشن کو گراؤنڈ لیول پر پانی اسٹور کرنے کی تجاویز مرتب کرنے کا کہہ دیا ہے، مستقبل میں سیلاب کے اثرات کم (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

پنجاب میں گندم کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف کریک ڈاؤن

بڑے پیمانے پر گندم برآمد، 75 ہزار 886 میٹرک ٹن گندم ضبط کر لی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں گندم کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئیں، اب تک 75 ہزار 886 میٹرک ٹن گندم ضبط کر لی گئی ہیں، 88 گودام بھی سیل کر دیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات پر صوبے بھر میں ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ محکمہ پرائس کنٹرول (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

ارلی وارننگ کیلئے قرض ملا، مگر حکومت نے کوئی اقدامات نہیں کیے

سسٹم نہ لگانے کے ذمے داران کا تعین کیا جانا چاہیے، حافظ نعیم الرحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعتِ اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہم پوائنٹ اسکورنگ نہیں کرتے، راستے تلاش کرتے ہیں۔ اسلام آباد میں آبی وسائل کے تحفظ پر سیمینار سے خطاب میں حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ چاہتے ہیں کہ مسائل کا حل بھی عوام کے سامنے رکھیں، ہم پوائنٹ اسکورنگ نہیں راستے تلاش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے پاس ماہرین کی کمی نہیں دیانت کی کمی ہے۔ امیر (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

سیلاب متاثرین کی کشتی الٹ گئی، خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق

کشتی پر زیادہ تر خواتین اور بچے سوار تھے اور پانی کی گہرائی 15 سے 20 فٹ تک تھی، رپورٹ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واقعے کا نوٹس لیا، متاثرہ خاندانوں سے اظہارِ تعزیت کیا

ملتان /لاہور (این این آئی) ملتان کے قریب جلال پور پیروالا میں سیلاب متاثرین کی کشتی الٹ گئی، جس کے نتیجے میں خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ملتان کی ضلعی حکومت کے ترجمان وسیم یوسف نے بتایا کہ جلال پور پیروالہ میں دریائے چناب میں ریسکیو 1122 کی کشتی الٹنے سے تین بچے اور ایک خاتون جاں بحق ہو گئے۔ محکمے کی ابتدائی رپورٹ میں وضاحت کی گئی کہ کشتی ایک درخت سے ٹکرا گئی اور تیز بہاؤ کی وجہ سے الٹ گئی، جبکہ کشتی میں سوار خواتین اور بچے اپنا توازن قائم نہ رکھ سکے، یہ کشتی جلال پور پیروالہ میں سیلاب (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

لاہور: سیکرٹری سیاحت، آثار قدیمہ، عجائب گھر ڈاکٹر احسان بھٹہ ٹی ڈی سی پی کے زیر اہتمام محفل میلاد میں شریک ہیں

شہر بانو نقوی ایشیاء سوسائٹی فیلوشپ کیلئے منتخب پہلی پاکستانی خاتون افسر

ایشیاء 21 نیکسٹ جنریشن سمٹ اسی سال 5 تا 7 دسمبر کو فلپائن میں منعقد ہوگی

لاہور (این این آئی) خاتون پولیس افسر شہر بانو نقوی کو ایشیاء سوسائٹی 21 نیکسٹ جنریشن فیلو شپ کیلئے منتخب کر لیا گیا۔ پنجاب پولیس کے ترجمان کے مطابق ایشیاء سوسائٹی نے اے ایس پی شہر بانو کو کلاس آف 2025 کیلئے منتخب کیا، اے ایس پی شہر بانو (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

وزیراعلیٰ گلگت بلتستان، 9 وزرا سمیت 10 ایم پی ایز پی ٹی آئی سے برطرف

گلگت (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ حاجی گلبر خان اور پی ٹی آئی کے 10 اراکین جی بی اسمبلی (جن میں 9 وزرا بھی شامل ہیں) کو پارٹی کے خلاف سازش کرنے، فارورڈ بلاک بنانے اور پارٹی پالیسی کے خلاف ووٹ ڈالنے کے الزام میں برطرف کر دیا۔ پی ٹی آئی نے سابق گورنر جی بی اور پی ٹی آئی گلگت بلتستان کے صدر راجہ جلال حسین مقبول کی بنیادی رکنیت بھی معطل کر دی ہے جن پر پارٹی کے خلاف سازش کرنے کا الزام ہے، گلگت بلتستان اسمبلی اپنی مدت 26 نومبر کو مکمل کرے گی۔

ضلع راجن پور میں 50 اسکولوں سے سولر پینلز چوری

پی اے سی کا اسکولوں کے سولر پینلز کی چوری کے واقعات پر تشویش کا اظہار

راجن پور (این این آئی) پنجاب میں سال 2022 اور 23 کے دوران سرکاری اسکولوں سے سولر پینلز کی چوری کے واقعات کا انکشاف ہوا جب کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے صوبے میں سولر پینلز کی چوری کے واقعات کی تحقیقات پولیس سے کرانے کی ہدایت کر دی۔ رپورٹ کے مطابق صرف ضلع راجن پور میں 50 اسکولوں سے سولر پینلز چوری ہوئے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری نے اسکولوں کے سولر پینلز کی چوری کے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا۔ پنجاب پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری کا اجلاس تنویر اسلم ملک کی زیر صدارت منعقد ہوا، تنویر اسلم ملک نے کہا کہ جن اضلاع میں اسکولوں سے سولر پینلز چوری ہوئے ہیں، وہاں کے ڈی پی اوز کو سخت خط لکھا جائے،

مظفر گڑھ: فلاحی تنظیم کے اہلکار سیلاب کے پانی میں گھری ہوئی فیملی کو ریسکیو کر کے فلڈ ریلیف کیمپ میں لے کر جا رہے ہیں

مالاکنڈ، شوہر نے بیوی اور سسر سمیت 5 افراد کو قتل کر دیا

مالاکنڈ (این این آئی) ضلع مالاکنڈ میں گھریلو تنازع پر شوہر نے بیوی اور سسر سمیت 5 افراد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ مالاکنڈ کے علاقے ڈھیری جولگرام کنڈو میں پیش آیا جہاں گھریلو تنازع پر داماد نے گھر میں داخل ہو کر بیوی اور سسر سمیت 5 افراد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقتولین کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے اور ملزم کی تلاش جاری ہے۔

پہلی ترجیح ماں اور بچہ

تحریر: دلنواز خان

سیلاب جب اپنی طغیانی دکھاتا ہے تو زمین صرف پانی میں نہیں ڈوبتی، امیدیں اور خواب بھی بہہ جاتے ہیں۔ کھیتوں کی سبزیاں تو اگ سکتی ہیں، مکانوں کی دیواریں اور سڑکوں کی راہداریاں بھی دوبارہ بن سکتی ہیں، لیکن ماں اور بچے کی سلامتی اگر ایک بار خطرے میں پڑ جائے تو اس کی تلافی آسان نہیں۔

رواں برس کے سیلاب نے پنجاب اور ملک کے دیگر حصوں میں جو قیامت ڈھائی، اس کی اصل تصویر خیموں، کیچڑ بھری گلیوں اور بے یارو مددگار عورتوں کے چہروں پر دیکھی جا سکتی ہے۔ لاکھوں لوگ بے گھر ہوئے، بستیاں اجڑ گئیں اور انسانیت ایک بار پھر قدرتی آفت کے امتحان میں مبتلا ہوئی۔

ان متاثرین میں سب سے زیادہ کمزور اور نازک طبقات میں حاملہ خواتین شامل ہیں۔ ان کی مشکلات محض جسمانی نہیں بلکہ نفسیاتی اور سماجی پہلو بھی لیے ہوئے ہیں۔

ایک ماں جو زندگی کو جنم دینے کے سفر پر ہے، اس کے لیے سیلابی خیمہ ایک قید خانہ بن جاتا ہے جہاں نہ رازداری میسر ہے، نہ صحت کی سہولت اور نہ ہی کوئی تسلی بخش نگہداشت۔ سیلاب کے دوران دیہی ڈسپنسریاں بند ہو جاتی ہیں، عملہ محفوظ مقامات پر منتقل ہو جاتا ہے اور زچگی کے لیے سب سے بنیادی ضرورت تربیت یافتہ دائی نایاب ہو جاتی ہے۔

اعداد و شمار اس حقیقت کو اور زیادہ واضح کرتے ہیں۔ پچھلے بڑے سیلاب میں چھ لاکھ سے زائد حاملہ خواتین براہِ راست متاثر ہوئیں جنہیں فوری دیکھ بھال اور ہنگامی خدمات کی ضرورت تھی۔ موجودہ صورتحال میں بھی لاکھوں عورتیں ایسی ہیں جو یا تو حمل کے آخری مہینوں میں ہیں یا ابھی ابھی ماں بنی ہیں۔ ان کیلیے معمولی تاخیر بھی جان لیوا ہو سکتی ہے۔ زچگی کے دوران خون بہنے کی پیچیدگی، قبل از وقت دردِ زہ، اور ہائی بلڈ پریشر ایسے مسائل ہیں جن کا علاج بروقت نہ ہو تو ماں اور بچہ دونوں موت کے دہانے پر پہنچ جاتے ہیں۔

سیلابی کیمپوں کا منظر مزید کربناک ہے۔ تنگ خیمے، غیر محفوظ ماحول اور نجی جگہ کا فقدان عورت کو ذہنی دباؤ میں مبتلا کر دیتا ہے۔ یہ دباؤ محض نفسیاتی نہیں بلکہ طبی پیچیدگیوں کو بڑھانے والا عنصر بھی ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق ذہنی دباؤ کا براہِ راست تعلق بلڈ پریشر اور قبل از وقت پیدائش سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سیلاب کے بعد کم وزن بچوں کی شرح بڑھ جاتی ہے اور نوزائیدہ انفیکشنز زیادہ پھیلتے ہیں۔

مسئلہ صرف طبی نہیں، سماجی بھی ہے۔ خیمہ بستیوں میں ہراسمنٹ کا خوف، بنیادی سہولتوں کی کمی اور غیر یقینی مستقبل ایک ماں کو مزید غیر محفوظ بنا دیتا ہے۔ وہ لمحہ جو خوشی کا ہونا چاہیے تھا، خوف اور کرب میں ڈھل جاتا ہے۔

ایسے میں سوال یہ ہے کہ کیا کیا جائے؟

سب سے پہلا قدم ہنگامی تولیدی صحت پیکیج کی فراہمی ہے۔ زندگی بچانے والی یہ کٹس ادویات، ڈلیوری کا سامان اور نوزائیدہ کی ابتدائی نگہداشت کے لیے بنیادی اوزار فراہم کرتی ہیں۔ اگر یہ کٹس خیموں میں موجود ہوں اور ان کے ساتھ تربیت یافتہ دائی مستقل موجود ہو تو کئی زندگیاں بچائی جا سکتی ہیں۔

دوسرا ستون بروقت ترسیل ہے۔ سیلاب کے دنوں میں جب سڑکیں اور پل کٹ جاتے ہیں تو ایمرجنسی کی صورت میں حاملہ عورت کو اسپتال پہنچانا سب سے بڑا چیلنج بن جاتا ہے۔ ایسے میں مقامی انتظامیہ اور ریسکیو اداروں کو کشتیوں اور عارضی ایمبولینس سروس کا انتظام کرنا ہوگا تاکہ خطرناک کیسز کو فوراً قریبی بڑے اسپتال منتقل کیا جا سکے۔

تیسری اہم ضرورت غذائیت اور صاف پانی ہے۔ حاملہ خواتین کے لیے فولک ایسڈ اور آئرن کی گولیاں، دودھ اور محفوظ خوراک ناگزیر ہیں۔ آلودہ پانی ڈائریا اور ٹائیفائیڈ جیسی بیماریوں کو جنم دیتا ہے، جو براہِ راست حمل پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اگر کیمپوں میں ماں اور بچے کے لیے علیحدہ کارنرز قائم کیے جائیں، جہاں مناسب خوراک اور صاف پانی دستیاب ہو، تو یہ ایک بڑا سہارا ثابت ہوگا۔

چوتھی کڑی اسکریننگ اور نگرانی ہے۔ اگر یونین کونسل سطح پر حاملہ خواتین کی فہرست تیار کر کے خطرناک کیسز کو پہلے سے شناخت کر لیا جائے تو ان کی بروقت دیکھ بھال ممکن ہے۔ ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس یا سابقہ پیچیدگیوں والی خواتین کو قریبی فعال مراکز میں منتقل کر دینا شرحِ اموات کو نمایاں طور پر کم کر سکتا ہے۔

یہ تمام اقدامات اس وقت تک ادھورے رہیں گے جب تک معاشرہ اور ریاست مل کر انہیں ترجیحی بنیاد پر نہ اپنائے۔ آج ہمیں یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ سیلابی حالات میں سب سے پہلی ترجیح ماں اور بچہ ہے۔ سمجھ لیجیے کہ جہاں ایک دائی موجود ہے، وہاں زچگی محفوظ ہے؛ جہاں ایک ماں کو تسلی اور سہولت میسر ہے، وہاں پوری قوم کے مستقبل کو تحفظ ملتا ہے۔

سیلابی پانی ضرور اتر جائے گا، کچی دیواریں دوبارہ کھڑی ہو جائیں گی، لیکن اگر ہم نے حاملہ خواتین اور نوزائیدہ بچوں کو نظر انداز کیا تو نقصان نسلوں تک پھیلے گا۔ قومیں اپنے سب سے کمزور افراد کے تحفظ سے پہچانی جاتی ہیں۔ آج ہماری پہچان کا سوال ہے کہ کیا ہم ان ماں کو وہ سہولتیں فراہم کرتے ہیں جو ان کی جان اور ان کے بچوں کی زندگی بچا سکیں؟

کامرہ کینٹ مہنگائی کے ہاتھوں تاجر برادری مشکلات کا شکار

بازار سنسان کرایہ ادا کرنا مشکل، حکومت اقدامات اٹھائے

حضرو (نامہ نگار) حضرو کے علاقہ کامرہ مین مارکیٹ جہاں مہنگائی کی وجہ سے تاجر برادری پریشان سارا سارا دن دکاندار ایک دوسرے کا منہ تکتے رہتے اور کاک نہ ہونے کے برابر حتی کہ دکانوں کے کرائے بھی پورے کرنا مشکل اکثر اوقات تو کرایہ جیب سے ادا کرنا پڑھتا عوام مہنگائی کے ہاتھوں پریشان خریداری میں کمی تاجر پریشان ملکی حالات دن بہ دن مشکل مہنگائی کی اوسط شرح اسی رفتار سے بڑھتی رہی تو جو حالات ماکیٹوں کے آج ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

کامرہ، جشن عید میلاد النبی ﷺ جوش وجذبہ سے منایا گیا

جشن عید میلاد النبی ﷺ کا مرکزی جلوس مسجد سے نکالا گیا

حضرو۔ (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح کامرہ کینٹ میں بھی مرکزی میلاد کمیٹی کامرہ کینٹ رجسٹرڈ کے زیر اہتمام حضور نبی کریم ﷺ کا 1500 واں جشن ولادت نہایت ہی عقیدت واحترام اور مذہبی جوش وجذبے سے منایا گیا 12 ربیع الاول کو صبح 8 بجے جشن عید میلاد النبی ﷺ کا مرکزی جلوس موتی مسجد سے نکالا گیا، جلوس کا آغاز صاحبزادہ نے باقاعدہ فیتہ کاٹ کر کیا جلوس کی قیادت علامہ مولانا حافظ محمد حامد رضا، صدر میلاد کمیٹی سید ریاض شاہ کر رہے تھے،

ملک بھر کی طرح کامرہ کینٹ میں بھی عید میلاد النبی کے سلسلہ میں ریلی نکالی جا رہی ہے

شاہکوٹ، جشن عید میلاد النبی کے موقع پر جلوس کا اہتمام

جلوس کی قیادت قاری فقیر حسین فریدی، حافظ محمد ندیم اور حافظ محمد ضیاء نے کی

شاہکوٹ (نامہ نگار) نواحی گاؤں 91 رب دھنو آنہ میں جشن عید میلاد النبی ص کے موقع پر تحریک لبیک پاکستان دھنو آنہ کے کارکنوں کی جانب سے ایک شاندار جلوس کا اہتمام کیا گیا جلوس کا آغاز بابا جی ریاضت علی ان کے مزار سے ہوا اور اپنے روایتی راستوں سے ہوتا ہوا سرکار کی آمد مرحبا کے نعرے اور درود وسلام پڑھتا ہوا جامعہ فیضان اولیاء (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

پاک بحریہ ایک جدید اور کثیر جہتی فورس کے طور پر ابھری ہے

صدر مملکت کا پاک بحریہ کے افسران و جوانوں کی بہادری اور خدمات کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاک بحریہ کے افسران و جوانوں کی بہادری اور خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک بحریہ ایک جدید اور کثیر الجہتی فورس کے طور پر ابھری ہے، بنیان المرصوص کے دوران پاک بحریہ نے سمندری حدود کا تحفظ کرتے ہوئے دشمن کی کسی بھی ممکنہ جارحیت کو ناکام بنایا۔ یوم بحریہ پر صدر آصف علی زرداری نے قوم کے نام اپنے پیغام میں پاک بحریہ کے افسران و جوانوں کی (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

سید زین شاہ پر جھوٹے مقدمات درج کرنے کیخلاف احتجاج

احتجاجی ریلی نکالی گئی جو ایس یو پی آفس سے شروع ہو کر پریس کلب پہنچی

کشمور (بیورو چیف) کندھ کوٹ: سندھ یونائیٹڈ پارٹی کا سید زین شاہ پر جھوٹے مقدمات درج کرنے کے خلاف احتجاج، کندھ کوٹ، کندھ کوٹ میں سندھ یونائیٹڈ پارٹی (ایس یو پی) کے مرکزی صدر سید زین شاہ کے خلاف درج کیے گئے جھوٹے مقدمات کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی جو ایس یو پی آفس سے شروع ہو کر پریس کلب پہنچی۔ احتجاجی مظاہرے میں مختلف سیاسی، سماجی اور مذہبی رہنماؤں سمیت کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

کندھ کوٹ، سندھ یونائیٹڈ پارٹی کا سید زین شاہ پر جھوٹے مقدمات کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

کمیشن مافیا اور نااہل ٹھیکیدار نے شاہراہ کو تالاب بنا ڈالا

عوام کے لیے سہولت نہیں بلکہ اذیت ناک تماشا بن چکی ہے

چوآ سیدن شاہ (نامہ نگار) چوآ سیدن شاہ کلر کہار روڈ پر کٹاس کے مقام پر سڑک کی تعمیر، عوام کے لیے سہولت نہیں بلکہ اذیت ناک تماشا بن چکی ہے۔ کمیشن مافیا اور نااہل ٹھیکیدار نے مل کر عوام دشمنی کی بدترین مثال قائم کر دی ہے، بارش کے بعد سڑک (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

سابق امیدوار برائے چیئرمین تحصیل حویلیاں حافظ ولی الرحمان خان جدون سے سماجی شخصیت ملک شکیل اعوان کی اہم ملاقات، علاقائی اور دیگر امور پر تبادلہ خیال

پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری

سنگین جرائم میں ملوث پانچ اشتہاری مجرمان سمیت 30 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لئے

اسلام آباد (بیورو چیف) اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، سنگین جرائم میں ملوث پانچ اشتہاری مجرمان سمیت 30 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، گرفتار ملزمان کے قبضے سے بھاری مقدار میں ہیروئن، آئس اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ہفتہ وار بازاروں میں ٹریفک روانی برقرار رکھنے کیلئے مؤثر اقدامات

سینئر افسران کا بازاروں کا دورہ، ٹریفک روانی کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ہفتہ وار بازاروں میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لئے مؤثر اقدامات کئے گئے ہیں، سینئر افسران نے بازاروں کا دورہ کیا، ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا اور بازار ڈیوٹی پر مامور ٹریفک افسران کو اپنے فرائض منصبی بہتر طریقے سے سرانجام دینے کے متعلق بریفنگ دی۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک پولیس آفیسر اسلام آباد کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس نے ہفتہ وار بازاروں میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لئے مؤثر اقدامات کئے، ان اقدامات کا مقصد شہریوں کو ٹریفک جام اور مشکلات سے محفوظ (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

امریکا سے سیلاب زدگان کیلئے پہلی امدادی پرواز پہنچ گئی

امریکا کی جانب سے سیلاب متاثرین کے لیے امداد فراہم کی جائے گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کی جانب سے کہا گیا ہے کہ امریکا کی جانب سے سیلاب متاثرین کے لیے امداد فراہم کی جائے گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق امریکی آرمی سینٹرل کمانڈ کے ذریعے 6 پروازوں پر امدادی سامان پاکستان پہنچے گا، امدادی سامان لے کر پہلی پرواز اتوار کو پاکستان پہنچ گئی، سامان پاکستان آرمی کے حوالے کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق امدادی سامان میں ٹینٹس، ڈی واٹرنگ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

تیز رفتار ڈالہ نے موٹر سائیکل کو کچل دیا، دو بچے جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار ڈالا کہ موٹر سائیکل کو کچل دینے سے دو بچے جانبحق اور میاں بیوی شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھیرہ کے علاقہ چک مبارک چونگی کے قریب مرغیوں والے ڈالا نے موٹر سائیکل کو کچل دیا جس کے نتیجہ میں اس پر سوار میاں بیوی شاہپور کا 35 (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

عید میلاد النبی ﷺ، قیدیوں کی سزا میں 180 روز کی خصوصی معافی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ملک بھر کی جیلوں میں سزا کاٹنے والے قیدیوں کی سزا میں 180 روز کی خصوصی معافی منظور کر لی۔ یہ معافی آئین کے آرٹیکل 45 کے تحت وزیر اعظم شہباز شریف کی مشاورت اور اتفاق رائے سے دی گئی ہے۔ وفاقی کابینہ نے 100 روز کی معافی کی سفارش کی تھی، مشاورت کے بعد صدر اور وزیر اعظم نے اسے بڑھا کر 180 دن کر دیا۔ ایوانِ صدر کے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس کی کارروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری سال 2024 سے وارث خان پولیس کو مطلوب تھا، وارث خان پولیس نے ہیومن اسٹیلی جنس سمیت (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

بُنیان المرصُوص آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہے، وزیر دفاع

اپنے سے پانچ گنا بڑے دشمن کو شکست دی، دشمن آج بھی اپنے زخم چاٹ رہا ہے

سیالکوٹ (این این آئی) وزیرِ دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ اپنے سے پانچ گنا بڑے دشمن کو شکست دی، دشمن آج بھی اپنے زخم چاٹ رہا ہے۔ سیالکوٹ میں تقریب سے خطاب کے دوران خواجہ آصف نے کہا کہ چھ ستمبر کی تقریب میں مدعو ہونا میرے لیے قابل فخر ہے، بُنیان المرصُوص آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے مزید (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال سیلاب زدہ علاقوں کے دورہ کے دوران لوگوں سے مل رہے ہیں۔

اہلِ فلسطین کو غزہ سے بے دخل کرنے کے بیانات کی مذمت

اسرائیلی اقدامات بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے اسرائیل کے اہلِ فلسطین کو غزہ سے بے دخل کرنے کے بیانات کی مذمت کر دی۔ ترجمان دفترِ خارجہ کے مطابق اسرائیلی اقدامات بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں، عالمی برادری اہلِ فلسطین کی حالتِ زار (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

علیمہ خان پر انڈا پھینکنے کی مذمت کرتا ہوں، کیپٹن (ر) صفدر

جس طرح کی سخت جیل مریم نواز نے کاٹی بانی پی ٹی آئی 15 دن نہیں کاٹ سکتے

اسلام آباد (این این آئی) کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ علیمہ خان پر انڈا پھینکنے کی مذمت کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح کی سخت جیل مریم نواز نے کاٹی بانی پی ٹی آئی 15 دن نہیں کاٹ سکتے۔ کیپٹن (ر) صفدر کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل میں تمام سہولیات میسر ہیں۔ یاد رہے کہ بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی بہن علیمہ خان کو (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف، وزیر اعظم شہباز شریف، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور دیگر جاتی امراء میں محفل میلاد کے موقع پر دعا مانگ رہے ہیں

سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی ٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی کیلئے پرعزم

راولپنڈی سی ٹی او کے سرکل افسران سمیت تمام جوانوں کو نو پارکنگ وتجاوزات کیخلاف سخت کاروائی کے احکامات جاری

دوسرے روڈ یوزرز کیلئے تکلیف کا باعث بننے والوں کیساتھ کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے، فرحان اسلم کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی ضلع راولپنڈی میں ٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی کیلئے پرعزم، سرکل افسران سمیت تمام جوانوں کو نو پارکنگ وتجاوزات کیخلاف سخت کاروائی کے احکامات جاری، دوسرے روڈ یوزرز کیلئے تکلیف کا باعث بننے والوں کیساتھ کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم ضلع راولپنڈی میں ٹریفک کی (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

یوم دفاع پر جی ایچ کیو میں یادگارِ شہداء پر تقریب

چیف آف جنرل اسٹاف نے پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی

راولپنڈی (این این آئی) یوم دفاع پر راولپنڈی میں جنرل ہیڈ کوارٹرز میں یادگار شہداء پر تقریب کا انعقاد ہوا۔ چیف آف جنرل اسٹاف نے پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ یادگارِ شہداء، ملتان، گوجرانوالہ اور کھاریاں گیریژنز میں تقاریب منعقد کی گئیں، یادگار شہدا پر چادریں چڑھائی گئیں۔ اس موقع پر شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا، غازیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ کور کمانڈر لاہور نے یادگار شہداء پر حاضری دی، (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

6 ستمبر کا دن ہماری تاریخ کا لازوال دن ہے، آئی جی اسلام آباد

افواج پاکستان، قوم نے مل کر کس طرح دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا